# ساہتیہ اکادمی کے زیر اہتمام منعقدہ 'پستکاین' کتاب میلہ اختتام پذیر

نئی دہلی (اسٹاف رپورٹر) ساہتیہ اکادمی کے زیر اہتمام منعقدہ 'پستکاین' کتاب میلہ آج اختتام پذیر ہو گیا۔ رابندر بھون کمپلیکس میں دس دنوں تک جاری رہنے والے اس کتاب میلے کا افتتاح ۶ر دسمبر ۲۰۲۴ء کو ممتاز انگریز مصنف اور سابق سفیر نوتیج سرنا نے کیا تھا۔ میلے میں ۴۰ر سے زائد پبلشرز نے شرکت کی۔ روزانہ منعقد ہونے والے ادبی اور ثقافتی پروگراموں میں ۲۰۰ر سے زائد ادباء اور فنکاروں نے شرکت کی۔ منعقدہ اہم پروگراموں میں کثیر لسانی کہانی پڑھنا، قبائلی ادیبوں کا اجتماع، غزل شام، مشاعرہ، مختصر کہانی پڑھنا، طنزیہ پڑھنا اور کئی موضوعات پر مباحث وغیرہ شامل تھے۔ آج مصنف کے ساتھ بات چیت پروگرام کے تحت اشوک تیواری اور ادم نشول نے بالترتیب ناصرہ شرما اور اشوک چکردھر سے بات کی۔ ثقافتی پروگراموں میں سی سی آر ٹی اسکالرشپ حاصل کرنے والے طلبہ نے گانے اور رقص کی پریزنٹیشنز پیش کیں، جنہیں حاضرین نے خوب سراہا۔ میلے میں شریک دیگر مطبوعات نے بھی ۲۵ر سے زائد ادبی پروگرام منعقد کیے جن میں بنیادی طور پر کتابوں کی رونمائی اور ان پر مباحث شامل تھے۔ بچوں میں پڑھنے کے کلچر کو پروان چڑھانے کے لیے ساہتیہ اکادمی نے اسکولی بچوں کے لیے مختلف مقابلوں کا انعقاد بھی کیا جیسے ڈرائنگ مقابلہ، شاعری کا مقابلہ اور کہانی سنانے کا مقابلہ جس میں ۱۲ر سے زیادہ اسکولوں کے تقریباً ۴۰۰ر بچوں نے حصہ لیا۔ یہ مقابلے جونیئر اور سینئر کیٹیگریز میں منعقد کیے گئے جس میں بچوں کو انعامات بھی دیے گئے۔ کتاب میلے میں ہر عمر کے شائقین کتب نے ہر روز غیر معمولی تعداد میں شرکت کی۔




پستکاین کتاب میلے میں منعقدہ پروگرام کا منظر